حریث نام رکھنا اور حریث کا معنی

مجیب: ابوحفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1936

تاریخ اجراء: 10صفرالمظفر1445ھ/28اگست2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

حریث نام رکھنا کیسا، اس نام کا معنی بھی بتادیجیے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

حریث (حا پر پیش، راء پر زبر کے ساتھ) نام رکھنا درست ہے بلکہ یہ بعض صحابہ کرام علیہم الرضوان اور تابعین عظام علیہم الرحمۃ کا نام ہے تو جس حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، اس پر عمل کی نیت سے رکھیں گے تو اس پر ثواب کی بھی امید ہے اور ان شاء اللہ عزوجل ان کی برکت بھی بچے کے شامل حال ہونے کی امید ہے۔

اس کے معنی کے حوالے سے وضاحت یہ ہے کہ:

یہ اسم مصغر ہے، یا تو یہ حارث کی تصغیر ہے اور حارث کا مطلب ہوتا ہے: "کھیتی باڑی کرنے والا" تو اس اعتبار سے اس کا معنی بنے گا: "تھوڑی کھیتی باڑی کرنے والا"۔

اور یا پھر یہ حرث کی تصغیر ہے اور حرث کا مطلب ہے "کھیتی"۔ تو اس اعتبار سے اس کا معنی ہو گا: "چھوٹی کھیتی۔"

الثقات لابن حبان میں ہے" ★حريث بن عمرو بن عثمان المخزومي له صحبة وهو والد عمرو بن حريث۔ ★حريث بن غانم الشيباني له صحبة"ترجمہ: حریث بن عمرو بن عثمان مخزومی صحابی ہیں۔ اور یہ عمرو بن حریث کے والد ہیں۔ ★حریث بن غانم شیبانی صحابی ہیں۔ (الثقات لابن حبان، ج3، ص97،98، دائرۃ المعارف العثمانیۃ بحیدر آباد الدکن الھند)

الثقات للعجلی میں ہے" حُرَيْث بن الرّبيع الْعَدوى بصرى تَابِعِيّ ثِقَة"ترجمہ: حریث بن ربیع عدوی بصری ثقہ تابعی ہیں۔ (الثقات للعجلی، ص290، مکتبۃ الدار- المدینۃ المنورۃ- السعودیۃ)

خزانۃ الادب ولب لباب لسان العرب میں ہے" حریثٌ مصغر حَارِث "ترجمہ: حریث، حارث کی تصغیر ہے

۔(خزانة الأدب ولب لباب لسان العرب، ج8، ص559، مكتبة الخانجي، القاهرة)

الکواکب الدراری فی شرح صحیح البخاری للکرمانی میں ہے "(۔۔حريث) مصغر الحرث أي الزرع "ترجمہ:

حریث، تصغیر ہے حرث کی، جس کا مطلب ہے کھیتی۔(الكواكب الدراری، ج17، ص7، دار إحياء التراث العربي، بيروت-لبنان)

المنجد میں ہے "الحرث: مص۔ کھیتی۔(المنجد، ص146، خزینہ علم وادب، لاہور)

فیروز اللغات میں ہے "حارث: کاشتکار، کھیتی باڑی کرنے والا۔" (فیروز اللغات، ص560، فیروز سنز، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم